بھارت کی انرجی سورسنگ سے متعلق تبصرے پر میڈیا کے سوالوں کا سرکاری ترجمان نے دیا جواب

اکتوبر 16، 2025

بھارت کی توانائی فراہمی سے متعلق تبصرے کے جواب میں سرکاری ترجمان جناب رندھیر جیسوال نے کہا:

بھارت تیل اور گیس کا ایک اہم درآمد کنندہ ملک ہے. توانائی کے بدلتے منظرنامے کے بیچ بھارتی صارفین کے مفادات کا تحفظ ہماری مسلسل ترجیح رہی ہے. ہماری درآمدی پالیسیاں پوری طرح اسی کو مد نظر رکھتے ہوئے تیار کی جاتی ہیں.

توانائی کی قیمتوں میں استحکام اور محفوظ سپلائی یقینی بنانا ہماری توانائی پالیسی کے دو بنیادی اہداف رہے ہیں. اس میں توانائی کے حصول کے ذرائع وسیع کرنا اور بازار کی صورتحال کے مطابق اس کو متنوع بنانا شامل ہے.

جہاں تک امریکا کا تعلق ہے، ہم نے کئی سالوں سے اپنی توانائی خرید میں افزودگی لانے کی کوشش کی ہے. گزشتہ عشرے میں اس میں مسلسل اضافہ ہوا ہے. اور موجودہ انتظامیہ نے بھارت کے ساتھ توانائی کے شعبے میں باہمی تعاون کو مزید وسیع کرنے کی دلچسپی ظاہر کی ہے. اور اس پر ابھی بات چیت جاری ہے.

نئی دہلی
اکتوبر 16، 2025